# 08-05-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وہ کوڑنگل کو پورے ملک کیلئے ایک ماڈل کے طور پر ترقی دے رہے ہیں۔آج انہوں نے مختلف پروگراموں میں شرکت کرتے ہوئے ایک جلسہ سے خطاب کیا۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ موسیٰ ندی کے بحالی کے پروجیکٹ کے تحت بے گھر ہونے والے متاثرین کو حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

۳۔وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو تلنگانہ کے دورہ پر آرہے ہیں۔اِس ضمن میں سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے جلسہ کے انتظامات کا تلنگانہ بی جے پی صدر رام چندر راؤ نے جائزہ لیا۔

اور

۴۔آکاشوانی نشریات کے 90 برس مکمل ہونے کے موقع پر آکاشوانی حیدرآباد کے علاوہ ریاست بھر کے مختلف مراکز میں آج صبح واک تھون کا اہتمام کیا گیا۔

## Governor

تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا سے آج حیدرآباد کے لوک بھون میں حیدرآباد کرکٹ اسوسی ایشن کے سکریٹری جیون ریڈی نے ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے گورنر کو کرکٹ کی ترقی اور فروغ کے لئے ایچ سی اے کی جانب سے کئے جارہے مختلف اقدامات کے بارے میں آگاہ کیا۔جیون ریڈی نے تلنگانہ کے نوجوان کرکٹرس کو مزید مواقع فراہم کرنے کے مقصد سے مجوزہ 'ٹی جی 20 لیگ' پروگرام کی تفصیلات بھی گورنر کے سامنے پیش کیں۔اس دوران انہوں نے گورنر کو رواں ماہ کی 22 تاریخ کو راجیو گاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں منعقد ہونے والے آئی پی ایل میاچ میں شرکت کی دعوت بھی دی۔

Desk

Akashavani - Adilabad

آ کاشوانی عادل آباد مرکز کے 90 سال مکمل ہونے کے موقع پر منعقد کئے گئے واک تھون کا افتتاح کلکٹر راجرشی شاہ نے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں تک سرکاری فلاحی اسکیموں کو پہنچانے میں آ کاشوانی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے آدیواسی ثقافت کے تحفظ کے ساتھ ساتھ اطلاعاتی رابطہ کے طور پر خدمات انجام دینے پر اس مرکز کی ستائش کی اور اسے ضلع کے لئے باعث فخر قرار دیا۔

PTC Adilabad

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ نے ہندوستان کے پہلے اسپیس ٹیک یونیکارن بننے والے حیدرآباد کے اسٹارٹ اَپ 'اسکائی روٹ ایرواسپیس' کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی تلنگانہ کے اسٹارٹ اپ ایکو سسٹم کے لئے باعث فخر ہے اور ہندوستانی صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت بھی ہے۔

Desk

Musi Victims

موسیٰ ندی کے بحالی کے پروجیکٹ کے تحت بے گھر ہونے والے متاثرین کو حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ یہ بات نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے واضح کی۔ آج پرجا بھون میں موسیٰ ندی کے بحالی کابینہ سب کمیٹی کے چیرمین اور نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا کے ساتھ وزیر سریدھر بابو سے مدھو پارک ریڈج ریزیڈنشل اسوسی ایشن کے نمائندوں نے ملاقات کی۔ اس موقع پر اسوسی ایشن کے ارکان نے اپنی درخواستیں وزراء کو پیش کیں۔ وزراء نے رہائشیوں کی جانب سے ظاہر کئے گئے شکوک وشبہات اور غلط فہمیوں کو دور کیا۔ اس موقع پر نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مدھو پارک ریڈج بی بلاک کے تمام رہائشیوں کے معاملے میں حکومت انتہائی مثبت رویہ اختیار کئے ہوئے ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ صاف ہوا، صاف پانی اور سرسبز ماحول کی فراہمی کے مقصد سے شروع کئے گئے اس اہم پروجیکٹ میں شراکت دار بنیں۔

Desk

Hydra Commissioner

ہائیڈرا کمشنر اے وی رنگناتھ نے کہا ہے کہ ہر سال سیلاب کے خطرہ کا سامنا کرنے والے کرشنا نگر علاقوں کو اس سال راحت فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اوپری علاقوں سے آنے والے بھاری سیلابی پانی کی روانی کو آسان بنانے کے لئے نالوں کی صفائی اور کچرے کی نکاسی کے کام کو تیز کردیا گیا ہے۔ہائیڈرا کمشنر نے مقامی رکنِ اسمبلی نوین یادو اور جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن کے ساتھ کرشنا نگر میں جاری کچرے کی نکاسی کے کاموں کا زمینی سطح پر جائزہ لیا۔انہوں نے کرشنا نگر میں تقریباً ڈیڑھ کلو میٹر طویل سیلابی نالے کا معائنہ کیا۔اس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے اے وی رنگناتھ نے کہا کہ نالوں کی صفائی کے کاموں میں جی ایچ ایم سی کے ساتھ ہائیڈرا شراکت داری کے تحت کام کررہی ہے۔

Desk

Renaming of Castes

تلنگانہ حکومت نے بی سی فہرست میں شامل کئی برادریوں کے نام تبدیل کرتے ہوئے ان کے ساتھ باوقار متبادل اصطلاحات شامل کرنے کا اہم فیصلہ کیا ہے۔بی سی کمیشن کی سفارشات کی بنیاد پر گروپ اے اور گروپ ڈی زمروں میں موجود غیر مہذب الفاظ کو ہٹا کر سرکاری ریکارڈس میں تبدیلیاں کی گئی ہیں۔خاص طور پر 'دومرا' برادری کو 'گڈا ومشیو'، 'پچکونٹلا' کو 'ومشاراج' اور 'بڈبکلا' کو 'شیو کشتریا' کے نام سے تبدیل کیا گیا ہے۔اسی طرح 'دھوبی'، 'تاملی' اور 'میرو' جیسے القابات شامل کرتے ہوئے متعلقہ طبقات کو سماجی احترام فراہم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔حکومت کے مطابق یہ تبدیلیاں فوری طور پر سرکاری ریکارڈس میں نافذ العمل ہوں گی اور طلبہ و ملازمت کے امیدواروں کو اپنی سماجی شناخت کو زیادہ باوقار انداز میں پیش کرنے میں مدد ملے گی۔

Desk

Akashvani Walkathon a Success

آ کاشوانی نشریات کے 90 برس مکمل ہونے کے موقع پر آ کاشوانی حیدرآباد کی جانب سے آج صبح واک تھون کا اہتمام کیا گیا۔اس پروگرام میں مہمانِ خصوصی کے طور پر دوردرشن یادگیری کے ڈی ڈی جی ای، این وی رمنا نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ آ کاشوانی کے پروگرام قدیم ہندوستانی تہذیب،فنون، ثقافت اور ادب کے تحفظ کے ساتھ جدید اندازِ پیشکش کے ذریعہ عوام کو مسلسل متاثر کر رہے ہیں۔اس سے قبل آ کاشوانی تلنگانہ کلسٹر ہیڈ اور ڈی ڈی جی ای، ہری سنگھ کے ساتھ این وی رمنا نے جھنڈی دکھا کر رَن کا آغاز کیا۔ بشیر باغ اور سکریٹریٹ سے گزرتی ہوئی یہ واک تھون دوبارہ آ کاشوانی حیدرآباد کے احاطہ میں اختتام پذیر ہوئی۔اس موقع پر ہری سنگھ نے کہا کہ آ کاشوانی کئی نسلوں سے ملک کے عوام کو خدمات فراہم کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ 'بہوجن ہتائے، بہوجن سوکھایا' کے نصب العین کے تحت عوام کی بھلائی اور ترقی کو مقصد بنا کر نشریات پیش کی جارہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ وزیراعظم کے من کی بات پروگرام کو گزشتہ 132 ماہ سے ہندی کے ساتھ علاقائی زبانوں میں بھی نشر کیا جارہا ہے جس کے باعث آ کاشوانی عوام کے مزید قریب ہوئی ہے۔اس پروگرام میں علاقائی شعبہ کے نیوز ہیڈ سرینواس مہیش، آ کاشوانی کے اسسٹنٹ ڈائرکٹرس رام گوپال، نہار، سیما کماری اور دیگر نے شرکت کی۔

Desk

Akashavani: 90 Glorious Years – Kothagudem

آ کاشوانی کے 90 سال مکمل ہونے کے موقع پر آ کاشوانی کوتہ گوڑم مرکز کے ملازمین نے آج صبح واک تھون کا انعقاد کیا۔آ کاشوانی دفتر سے راما ورم سٹر تک منعقدہ اس واک تھون میں آ کاشوانی کے عملہ نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا۔اس موقع پر مقررین نے کہا کہ آ کاشوانی گزشتہ 90 برسوں سے عوام کو معیاری خبریں فراہم کر رہی ہے، جو قابلِ ستائش ہے۔اس پروگرام میں آ کاشوانی کوتہ گوڑم مرکز کے پروگرام ایگزیکٹو کے شنکر راؤ، سینئر انجینئر مالی بابو سنگھ، تکنیکی عملہ، آرجیز اور دیگر ملازمین نے شرکت کی۔

PTC – Bhadradri Kothagudem

## Prime Minister's Visit

حیدرآباد کے پریڈ گراؤنڈس میں رواں ماہ کی 10 تاریخ کو منعقد ہونے والی وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی جلسہ کی تیاریوں کا مرکزی وزیر کشن ریڈی نے جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ گزشتہ 12 برسوں میں مرکز نے تلنگانہ کی ترقی کے لئے 12 لاکھ کروڑ روپے مختص کئے ہیں اور قومی شاہراہوں کی توسیع کے ساتھ کئی اہم ترقیاتی منصوبے بھی شروع کیے گئے ہیں۔کشن ریڈی نے الزام عائد کیا کہ کے سی آر اور ریونت ریڈی کی قیادت والی حکومتوں نے ریاست کو قرضوں کے بوجھ تلے دھکیل دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی فلاح و بہبود کے لئے ڈبل انجن حکومت ضروری ہے۔

Desk

## Revanth in Kodangal

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ وہ کوڑنگل کو پورے ملک کے لئے ایک ماڈل کے طور پر ترقی دے رہے ہیں۔انہوں نے وقار آباد ضلع کے کوڑنگل میں شری وینکٹیشورا سوامی مندر کی از سر نو تعمیر کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر 430 بستروں پر مشتمل ایک نئے اسپتال کی تعمیر کا بھی سنگ بنیاد رکھا گیا۔ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ لا گچرلہ کو ایک تعلیمی مرکز میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرشنا ندی کے پانی سے کوڑنگل کی زمینوں کو سیراب کیا جائے گا۔انہوں نے مقامی قائدین سے کہا کہ جب تک کرشنا کا پانی یہاں تک نہیں پہنچتا، ضلع انچارج وزیر دامودھر راج نرسمہا اور وزیر سری ہری کو متحرک رکھیں۔ریونت ریڈی نے یہ بھی کہا کہ کوڑنگل حلقہ کو آج تک کبھی وزیر کا عہدہ نہیں ملا لیکن اب اسی کوڑنگل کے رکن اسمبلی ہونے کے ناطے انہیں وزیر اعلیٰ کا عہدہ ملا ہے۔اسی دوران انہوں نے کوڑنگل سے ہی دولت آباد اور کوسگی مندروں کی ترقیاتی کاموں کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔

Desk

Review

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو تلنگانہ کے دورہ پر آرہے ہیں۔ اِس ضمن میں سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں منعقد ہونے والے جلسہ کے انتظامات کا تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے آج جائزہ لیا۔ اس موقع پر رام چندر راؤ نے کہا کہ موسم گرما کے پیش نظر جلسہ کے شہ نشین اور پورے میدان میں شیڈ قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس جلسہ میں تقریباً 2 لاکھ عوام شرکت کرنے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک مرکزی حکومت تلنگانہ کو تقریباً 13 لاکھ کروڑ روپے فنڈ مختص کر چکی ہے۔

Desk

Drone Prohibited

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو حیدرآباد کے دورہ پر آرہے ہیں۔ اس ضمن میں سائبرآباد پولیس کمشنریٹ کے حدود میں ڈرون پارا گائیڈرس اور مائیکرولائٹ جہازوں کے استعمال پر امتناع عائد کرتے ہوئے سائبرآباد پولیس کمشنر ڈاکٹر ایم رمیش بی این ایس ایس سیکشن 163 کے تحت احکامات جاری کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس کے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

Desk

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزراء جوپلی کرشنا راؤ اور ویویک وینکٹ سوامی نے تومڑی ہیٹی بیارج کے تعمیراتی مقام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ تومڑی ہیٹی کے قریب پرانا ہیتا چیوڑلہ پروجیکٹ کو نظرانداز کرتے ہوئے کالیشورم کی تعمیر کی وجہ سے حکومت پر بھاری مالی بوجھ عائد ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گریویٹی کے ذریعہ پانی کو سربراہ کرنے کے مواقعوں کو سابقہ حکومت نے کمیشن کیلئے اس کو نظرانداز کیا تھا۔

PTC Asifabad

Weather

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ آنے والے تین دنوں کے دوران ریاست کے بعض اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان پایا جاتا ہے۔محکمہ موسمیات نے کہا کہ آج بعض اضلاع میں گرج وچمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

PS

Vivek Venkataswamy

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ حکومت ریاست میں اناج کی خریداری میں تیزی پیدا کردی ہے۔بارش سے بھیگے ہوئے اناج کو بھی حکومت خریدے گی۔منچر یال ضلع کے چنور ایم ایل اے کیمپ آفس میں انہوں نے کل رات کلکٹر کمار دیپک کے ساتھ مل کر میڈیا سے بات کی۔اس موقع پر وویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ کسانوں کی جانب سے پیدا کئے گئے اناج کو حکومت خریدنے کیلئے موثر اقدامات کررہی ہے۔

PTC Mancherial

OO